
# ہنگامی صورتحال کے لیے تیار

برقی تعطل کے دوران خود کو اور اپنے پیاروں کو بچائیں



ہم ان کے بچاؤ کے لیے اپنے طور پر بہترین کوشش کرتے ہیں، تاہم کبھی کبھار غیر متوقع تعطل واقع ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہم ہنگامی حالت کی صورت میں اپنے تمام صارفین کو تیار رکھنا چاہتے ہیں۔

یہ راہنما کتابچہ تعطل سے قبل، دوران اور بعد میں آپ کو منصوبہ بنانے، سپلائی حاصل کرنے اور محفوظ رہنے میں مدد دے گا۔



**آپ کے چھوٹے بچے، پالتو جانور یا اس طرح اور ہے جسے گھر پر مخصوص مدد کی ضرورت ہو؟**

اس راہنما نامے میں وہ اضافی اقدامات بتائے گئے ہیں جن سے آپ کو اپنے پیاروں کی حفاظت کرنے میں مدد ملے گی۔

# فہرست مندرجات


3 جاننے والے ذرائع

4 قبل از طوفان تیاری

5 اہم روابط

6 ہنگامی صورتحال کی کٹ کی چیک لسٹ

7 تعطل کی اطلاع دینے سے قبل

8 برقی تعطل کے دوران کرنے اور نہ کرنے والے کام

9 تعطل کے دوران حفاظت

11 آپ کی بجلی میں تعطل کیوں آ سکتا ہے

12 ہم برقی رو کیسے بحال کرتے ہیں

# جاننے والے ذرائع

## پولیس، آگ لگنے یا طبی ہنگامی حالتوں میں 911 کو کال کریں

**ٹورنٹو ہائیڈرو ایمرجنسی ہاٹ لائن**

ہفتے کے سات دن ہمیں بجلی کے تعطل یا گری ہوئی تاروں کے متعلق اطلاع کریں۔

**416-542-8000 (1 دبائیں)**

**311 ٹورنٹو**

غیر ہنگامی شہری سہولیات، بشمول گرمائش اور ٹھنڈک فراہم کرنے والے مراکز، درخت اکھاڑنے/تراشنے اور دیگر کے لئے 7/24 معلومات۔

**3-1-1 ملائیں**
**toronto.ca/311**
**@311Toronto**

**عوامی تحفظ کینیڈا**

تحفظ اور ہنگامی تیاری کے متعلق معلومات اور ذرائع

**getprepared.ca**

**ہنگامی تحفظ کا اختیار**

برقی تحفظ اور معائنوں کے متعلق معلومات

**1-877-372-7233**
**esasafe.com**

**ہنگامی انتظام اونٹاریو**

ہنگامی صورت حالوں یا آفات کے متعلق صوبوں کی سطح پر اطلاعات، خبریں اور معلومات۔

**ontario.ca/alert**
**@OntarioWarnings**

**ماحول کینیڈا**

عوامی سطح پر موسم کی خبریں اور پیش گوئیوں کی معلومات

**weather.gc.ca**

**کینیڈین ریڈ کراس**

ہنگامی صورت حالوں کی زد میں آنے والی کمیونٹیز کی امداد

**1-800-418-1111**
**redcross.ca**

**سینٹ جان ایمبولینس**

ابتدائی طبی امداد، طبی نقل و حمل اور اخراج کی خدمات کے ذریعے ہنگامی نگہداشت

**416-967-4244**
**sja.ca**

**کینیڈا مورٹگیج اور ہاؤسنگ کارپوریشن**

طویل عرصے کے تعطل کے بعد اپنا گھر واپس لینے کی معلومات

**1-800-668-2642**
**cmhc-schl.gc.ca**

**کینیڈا کا بیمہ بیورو**

بیمہ پالیسیوں کی اقسام اور ان میں کیا کچھ شامل ہے، اس کی معلومات

**416-362-2031**
**ibc.ca**

**ٹیلی ہیلتھ اونٹاریو**

آپ کی صحت کے متعلق سوالات اور تحفظات

**1-866-797-0000**
**ontario.ca/page/get-medical-advice-telehealth-ontario**

# قبل از طوفان تیاری

تیار رہنے سے فائدہ ہوتا ہے – اس فہرست پر عمل کریں اور یقینی بنائیں کہ آپ کے گھرانے میں سب کو علم ہو کہ ہنگامی صورت حال میں کیا کرنا ہے۔

## ہنگامی صورت حال کے لئے تیار رہیں۔

1. اس گائیڈ کو پرنٹ کریں اور محفوظ جگہ پر رکھیں۔
2. اپنی 72 گھنٹوں کی ہنگامی کٹ بنائیں یا اسے تازہ کریں۔
3. اپنے ہنگامی رابطہ نمبرز اپ ڈیٹ کریں۔
4. اخراج کی ضرورت پڑنے کے خیال سے ملاقات کا مقام طے کریں۔

## برقی رو سے چلنے والے طبی آلات؟

اگر آپ کے گھر کا کوئی فرد برقی رو سے چلنے والے طبی آلات مثلا وینٹی لیٹر یا گردوں کے ڈائیلاسز کرنے والی مشین پر انحصار کرتا ہو تو طے شدہ برقی تعطلات سے آگاہ رہنے کے لیے ہمارے پاس اندراج کروائیں۔

**416-542-8000** پر کال کریں یا درج ذیل پر فارم مکمل کریں: **torontohydro.com/beprepared**

## اطلاعات حاصل کریں!

ای میل کے ذریعے تعطل کی اطلاعات اور بحالی کے نوٹس حاصل کرنے کے لئے ابھی ای میل کریں:

**mytorontohydro.com** (مائی سروسز کے تحت)

## جب موسم میں شدت آ رہی ہو

1. جانیے کہ آپ کے پاس کون سے آلات موجود ہیں (جیسا کہ گرم پانی کے ریڈی ایٹرز) اور ان کی حفاظت کیسے کی جا سکتی ہے۔
2. غیر ضروری برقی سامان بند کر دیں اور تار نکال دیں۔
3. اپنا فون چارج رکھیں تا کہ تعطل کی صورت میں آپ کی بیٹری فل ہو۔
4. مکمل ادویات خرید کر رکھیں۔
5. کھڑکیوں، دروازوں اور بیرونی فرنیچر اور ساز و سامان کو محفوظ کریں۔
6. اپنی گاڑی کا گیس ٹینک بھر لیں اور اگر ممکن ہو تو اسے کسی محفوظ جگہ پر پارک کریں۔

# اہم روابط

اب ایسی اہم تفصیلات لکھنے کے لیے وقت نکالیں جن کی آپ کو ہنگامی صورتحال میں ضرورت ہو سکتی ہے۔ یقینی بنائیں کہ آپ کے گھر کے ہر فرد کو پتہ ہو کہ یہ معلومات کہاں ملیں گی۔

**ہنگامی ملاقات کا مقام**

**مقام:**

---

**ہنگامی رابطہ**

**نام:**

**پتہ:**

**فون:**

---

**خاندانی معالج**

**نام:**

**فون:**

**نسخہ جات/خوراکیں/طبی حالتیں/طبی آلات:**

---

**فارمیسی**

**پتہ:**

**فون:**

---

**انشورنس کمپنی**

**نام:**

**فون:**

**گھر کا پالیسی نمبر:**

**گاڑی کا پالیسی نمبر:**

---



## آگاہ رہنے کے تین طریقے

1. ہمارے آن لائن میپ کے ذریعے اپنے علاقے میں تعطل کے متعلق اسٹیٹس اپ ڈیٹس چیک کریں:

   **torontohydro.com/outagemap**

2. تازہ ترین اپ ڈیٹس کے لئے ٹوئٹر پر **@torontohydro** کو فالو کریں۔

3. حکام کی جانب سے خبروں، اپ ڈیٹس اور ہدایات کے لئے مقامی میڈیا چیک کریں یا فیملی اور دوستوں سے اپ ڈیٹس حاصل کریں۔

# ہنگامی کٹ کی چیک لسٹ



## خوراک اور پانی

- [ ] بوتل بند پانی ( فی فرد 4 لیٹر پانی روزانہ)
- [ ] جلد خراب نہ ہونے والی، کھانے کے لیے تیار خوراکیں
- [ ] ہاتھ سے کین کھولنے والا آلہ
- [ ] ڈسپوزیبل پلیٹیں، گلاس اور برتن



## ابتدائی طبی مدد اور ادویات

- [ ] ابتدائی طبی مدد کی کٹ
- [ ] ایک ہفتے کے لیے اہم ادویات اور تمام نسخہ جات کی نقول
- [ ] تمام ادویات کو ٹھنڈا رکھنے کے لیے کولر بیگ اور برف کے پیکٹ



## بنیادی آلات (ٹولز) اور سامان

- [ ] فلیش لائٹ اور تازہ بیٹریاں
- [ ] ماچسیں اور لائٹرز
- [ ] ونڈ اپ یا بیٹری سے چلنے والا ریڈیو
- [ ] برقی آلات کو چارج کرنے کے لیے کار چارجر یا پاور بینکس
- [ ] استعمال کے لیے چاقو، پلائر، پیچ کس، ڈکٹ ٹیپ اور رینچ پر مشتمل بنیادی آلات کی کٹ
- [ ] کوڑے کے تھیلے اور کاغذی تولیے
- [ ] سوئی اور دھاگہ
- [ ] کاغذ اور قلم
- [ ] آگ بجھانے والا آلہ
- [ ] اشاراتی شعلے اور سیٹیاں
- [ ] نقدی (تعطل کے دوران اے ٹیم ایم کام نہیں کر سکتیں)



## صفائی

- [ ] مضبوط بالٹی جسے ہنگامی بیت الخلاء کے طور پر استعمال کیا جا سکتا ہے
- [ ] پاؤڈر کی شکل میں کلورین ملا لائم، گھریلو جراثیم کش اور کیڑے مار ادویات
- [ ] گھریلو استعمال والا مائع بلیچ یا پانی صاف کرنے والی گولیاں
- [ ] دوبارہ بند ہو سکنے والے پلاسٹک بیگز
- [ ] ہاتھوں کے لیے جراثیم کش (سینیٹائزرز)



## بچوں اور نومولودوں کے لیے

- [ ] فارمولا اور بوتلیں
- [ ] ڈائپرز اور وائپس
- [ ] ادویات



## پالتو جانوروں کے لیے

- [ ] خوراک، پانی اور برتن
- [ ] پٹا، لگام اور تھوتھنی بند
- [ ] شناختی ٹیگز اور لائسنس
- [ ] ادویات اور ویکسینیشن کے ریکارڈز
- [ ] جانوروں کی مقامی پناہ گاہوں کے فون نمبرز

# تعطل کی اطلاع دینے سے قبل

**کیا یہ تعطل آپ کے گھر تک ہی محدود ہے؟**

اگر آپ کے پڑوس میں بجلی ہے تو ہو سکتا ہے کہ آپ کا مرکزی سرکٹ بریکر ٹرپ ہوا ہو۔ جب سوئچ "آف" اور "آن" کے درمیان میں ہو تو آپ کو ایسا ہونے کے متعلق پتہ لگ جائے گا۔ آپ اسے مندرجہ ذیل طریقے سے محفوظ طور پر دوبارہ سیٹ کر سکتے ہیں:

1 ایسے ہر برقی آلے کا پلگ نکال دیں جس کے بارے میں آپ کو شک ہو کہ اس سے بوجھ پڑا ہے۔

2 فلیش لائٹ استعمال کرتے ہوئے اپنا برقی پینل کھولیں۔

3 اسے مضبوطی سے "آف" کریں اور دوبارہ "آن" کریں۔

4 اگر بریکر دوبارہ ٹرپ کرے تو اسے دوبارہ سیٹ نہ کریں۔ اس سے زیادہ سنگین مسئلے کی نشاندہی ہو سکتی ہے اور آپ کو ایک قابل الیکٹریشن سے رابطہ کرنا چاہیے۔

5 اگر آپ کے گھر میں بریکرز کی جگہ تاحال فیوز استعمال ہو رہے ہیں تو اڑے ہوئے فیوز کو تبدیل کریں۔



**کیا سارا پڑوس متاثر ہوا ہے؟**

اگر آپ کی گلی میں کسی جگہ بجلی نہیں تو اپنے پڑوس میں تعطل کے متعلق آن لائن اطلاع کریں

**torontohydro.com/reportoutage**

یا کال کریں

**416-542-8000.**

# برقی تعطل کے دوران کرنے اور نہ کرنے والے کام



## کیا کیا جائے

- کھڑکیوں، دروازوں اور دیگر بیرونی فرنیچر اور آلات کو محفوظ کریں
- جب بھی ممکن ہو، موم بتیوں کی جگہ فلیش لائٹ استعمال کریں۔ اگر موم بتیاں استعمال کر رہے ہوں تو انہیں کبھی بھی اکیلا مت چھوڑیں
- آلات اور برقی اشیاء کے پلگ نکال دیں اور تھرمو سٹیٹس کو کم از کم سطح پر لے جائیں تا کہ برقی بحالی کے وقت انہیں برقی تیز رو سے بچایا جا سکے
- جلدی خراب ہونے والی خوراکوں مثلا دودھ، دودھ کی مصنوعات، گوشت، مچھلی، انڈوں اور بچی ہوئی دیگر اشیاء کو برف کے ساتھ کولر میں محفوظ کریں
- ایسی پگھلی ہوئی خوراک کو ضائع کر دیں جو 4 ڈگری یا اس سے زائد درجہ حرارت میں دو گھنٹوں سے زائد تک رہی ہو۔ شک کی صورت میں اسے باہر پھینک دیں
- دوستوں اور پڑوسیوں کا حال چال پوچھیں اور اگر انہیں ضرورت ہو تو مدد کی پیشکش کریں
- بیٹری محفوظ رکھنے کے لیے سیل فون کا استعمال محدود کر دیں اور بیٹری محفوظ کرنے والی حالت پر منتقل کریں
- سردیوں میں چند نلکوں کو تھوڑا سا کھلا رہنے دیں تا کہ پائپ جمنے نہ پائیں
- جنریٹرز گھر سے باہر اور کھڑکیوں و دروازوں سے خاصے دور رکھیں



## کون سے کام نہ کیے جائیں

- باربی کیو، پروپین ہیٹرز یا حرکت پذیر جنریٹرز کو اندرونی مقامات یا بند مقامات مثلاً گیراجوں، ڈھکے ہوئے پورچوں اور شیڈز کے اندر استعمال نہ کریں۔ یہ آلات کاربن مونو آکسائیڈ گیس پیدا کرتے ہیں جو زہریلی ہو سکتی ہے۔
- حرارت کے حصول کے لیے گیس کا چولہا استعمال نہ کریں
- اپنے فریج یا فریزر کو ضرورت سے زیادہ دیر نہ کھولیں۔ ایک مکمل فریزر خوراک کو 48 گھنٹے تک منجمد رکھ سکتا ہے تا آنکہ دروازہ بند رہے۔ ایسا ریفریجریٹر جسے کھولا نہ گیا ہو وہ خوراک کو تقریباً چار گھنٹے تک ٹھنڈا رکھ سکتا ہے
- کھڑے ہوئے پانی کے مقامات مثلاً سیلاب شدہ تہہ خانے یا عمارتوں کے نزدیک مت جائیں
- بجلی کی گری ہوئی تاروں کے نزدیک نہ جائیں اور نہ ہی انہیں چھوئیں۔ کم از کم 10 میٹر دور رہیں (ایک اسکول بس کے جتنی لمبائی) اور **416-542-8000 (1 دبائیں)** پر ہمیں فوری اطلاع دیں۔

# تعطل کے دوران حفاظت




## جنریٹر کی حفاظت

- کاربن مونو آکسائیڈ کے زہر سے بچنے کے لیے صرف حرکت پذیر جنریٹرز کو بیرونی مقامات پر استعمال کریں
- جنریٹرز کو کھلی ہوئی کھڑکیوں اور دروازوں سے خاصے فاصلے پر رکھیں
- جنریٹر کو کبھی بھی اپنی گھریلو وائرنگ سے براہ راست منسلک نہ کریں آلات کو جنریٹر کے آوٹ لیٹ میں براہ راست طور پر منسلک کریں
- ہیوی ڈیوٹی بیرونی توسیعی تار استعمال کریں
- جنریٹر کو گراونڈ کرنے کے لیے تیارکنندہ کی ہدایات پر عمل کریں
- اگر جنریٹر استعمال کرتے ہوئے آپ غشی، متلی، اونگھ محسوس کریں یا سانس اٹکتی ہوئی لگے تو فوراً تازہ ہوا لیں اور طبی امداد حاصل کریں۔



## سیلاب سے بچاؤ

- سیلاب زدہ تہہ خانے میں اس وقت تک داخل نہ ہوں جب تک آپ کو یقین نہ ہو کہ برقی رو منقطع ہے
- اگر تہہ خانے میں سیلاب آ جائے اور آپ کی بجلی آن ہو تو بجلی بند کرنے کے لئے ہمیں **416-542-8000** پر کال کریں۔
- اگر برقی آلے کو پلگ سے نکالنے یا منقطع کرنے کے لیے آپ کو پانی میں کھڑا ہونا پڑے تو کبھی بھی ایسا نہ کریں۔ اس میں گیلے فرش شامل ہیں
- سیلاب زدہ برقی اشیاء، آوٹ لیٹس، سوئچوں یا بریکر پینلز کو اس وقت تک استعمال نہ کریں جب تک کسی قابل الیکٹریشن نے انہیں دیکھ اور صاف نہ کر دیا ہو
- تاروں اور جنریٹروں کو محفوظ طریقے سے پانی سے باہر رکھیں



## اگر آپ کو گھر سے جانا ہو

اگر آپ کو اپنا گھر چھوڑنے کی ضرورت ہو تو درج ذیل طریقے سے اپنا پلمبنگ سسٹم محفوظ کریں۔
شک کی صورت میں لائسنس یافتہ پلمبر سے رابطہ کریں۔

**1.** اپنے گھر کے مرکزی بریکر کو بند کردیں۔

**2.** پانی کے مین کو وہاں سے بند کریں جہاں سے یہ گھر میں داخل ہوتا ہے۔ میٹر، والو اور ان لیٹ پائپ کو کمبلوں یا انسولیشن میٹریل کی مدد سے بچائیں۔

**3.** اپنے گھر کی اوپری منزل سے شروع کرتے ہوئے، تمام نلکے اور فلش ٹوائلٹس کھول دیں تا کہ پانی آپ کے پلمبنگ نظام سے نکل جائے۔

**4.** نکل جانے کے بعد، پانی کا مین دوبارہ صرف اتنا کھولیں کہ قطرہ وار بہاؤ ہو سکے۔ نچلے فکسچر (سنک) کا صرف ٹھنڈا نلکا کھولیں یا تہہ خانے میں صرف اخراجی والو کھولیں اور تمام نلکوں کو بند کر دیں۔

**5.** پتہ چلائیں کہ کیا آپ کو گرم پانی کا اپنا ٹینک خالی کرنے کی ضرورت ہے کیونکہ تمام ٹینکس ایک جیسے نہیں ہوتے۔ گیس کے چند ہیٹرز برقی تعطل کی صورت میں کام کرتے رہیں گے۔ اگر آپ کو گرم پانی والا اپنا ٹینک خالی کرنے کی ضرورت ہو تو اخراجی والو سے اخراجی راستے تک پائپ لگا کر ایسا کریں۔



## تعطل کے بعد

- اگر آپ کے گھر کی جانب نیچے آنے والے اتصالی مقام سے آنے والے اور گھر میں موجود آلات اور تاریں نقصان زدہ ہوں تو آپ کو برقی حفاظتی ادارے (Electric Safety Authority ESA) کے منظور شدہ الیکٹریشن سے مرمت کروا لینی چاہیے جس کے بعد ہم آپ کی سہولت کو بحال کر سکتے ہیں
- شہری ملکیتی املاک پر تباہ شدہ درختوں یا ٹوٹی ہوئی شاخوں کے متعلق 311 پر اطلاع دیں
- اگر درخت آپ کی املاک یا قریبی برقی لائن پر ہو تو لائسنس یافتہ arborist (شجری معالج) کی خدمات حاصل کریں
- سیلاب کے لیے اپنے تہہ خانے کو دیکھیں۔ کھڑے ہوئے پانی کے نزدیک نہ جائیں
- ضروری آلات کو بتدریج دوبارہ آن کریں۔ اپنے برقی نظام کو رواں ہونے کا موقع دینے کے لیے برقی اشیاء دوبارہ منسلک کرنے سے قبل 10 تا 15 منٹ انتظار کریں
- گرم پانی کے اپنے ہیٹر کو آن کرنے سے قبل یقینی بنائیں کہ یہ بھرا ہوا ہو۔ بصورت دیگر یہ گرم کرنے والے پرزوں کو نقصان پہنچا سکتا ہے
- برقی گھڑیوں، خودکار ٹائمرز اور الارموں کو دوبارہ سیٹ کریں
- اپنی ہنگامی کٹ کو دوبارہ اصلی صورت میں لائیں

# آپ کی بجلی میں تعطل کیوں آ سکتا ہے

ہم سہولت اور پھیلتے ہوئے شہر بھر میں مدافعت کو بہتر بنانے میں مدد کے لیے ٹورنٹو کے برقی جال کو جدید اور وسیع کر رہے ہیں۔ اپنی پیشگی منصوبہ بندی اور تیاری کے باوجود، وقتاً فوقتاً برقی تعطلات کا سامنا ہو سکتا ہے۔ چند زیادہ عمومی وجوہات یہ ہیں۔

### شدید موسم

- تیز ہوائیں، طوفان اور برفباری درختوں اور شاخوں کو برقی تاروں پر گرا اور دیگر برقی آلات کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔
- بارش اور سیلاب زمین سے اوپر اور زیر زمین آلات کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔

### آلات کی خرابی


- عمر رسیدہ ڈھانچے کی وجہ سے آلات میں خرابی پیدا ہو سکتی ہے
- برقی آلات کی پیچیدگی کی وجہ سے تعطلات ہو سکتے ہیں

### برقی رو منقطع ہونا

برقی رو اس وقت منقطع ہو سکتی ہے جب ہائیڈرو ون کو اپنی برقی رو کی ترسیل میں مسائل کا سامنا ہو رہا ہو اور وہ ہمیں برقی فراہمی کے قابل نہ ہو۔ جب ایسا ہوتا ہے تو ہم ہائیڈرو ون کی جانب سے مرمت کیے جانے تک اپنے صارفین کو بجلی کی فراہمی کے قابل نہیں ہوتے۔

### تعطل کی دیگر وجوہات

- گاڑیوں کے حادثات ہائیڈرو کھمبوں یا بجلی کی تاروں کو گرا سکتے ہیں
- گلہریاں اور دیگر جانور ہمارے آلات کو چھو سکتے ہیں جس سے نقصان ہو سکتا ہے
- تیسرے فریق کا تعمیراتی عملہ کھدائی کے دوران زیر زمین لائن کو حادثاتی طور پر نقصان پہنچا سکتا ہے
- غیر تراشیدہ درخت برقی تاروں سے اتصال کر سکتے ہیں



### طے شدہ تعطلات

کبھی کبھار طے شدہ تعطلات ترتیب دیے جاتے ہیں تا کہ ہمارا عملہ ہمارے آلات کے متعلق مرمتی، دیکھ بھال اور تجدیدی کاموں کو محفوظ طور پر مکمل کر سکے۔ جب کبھی اس کی ضرورت ہو تو ہم اپنے صارفین کو پیشگی اطلاع دینے کی بہترین کوشش کرتے ہیں۔

# ہم بجلی کیسے بحال کرتے ہیں

کبھی کبھار تعطل صرف چند منٹوں تک رہتا ہے جبکہ دیگر اوقات میں یہ زیادہ دورانیے کے لیے بھی ہو سکتا ہے۔ ہمارا عملہ ممکنہ حد تک جلد از جلد اور محفوظ طریقے سے بجلی بحالی کے لیے چوبیس گھنٹے کام کرتا ہے

برقی تعطل کی اطلاع ملتے ہیں، ہم مندرجہ ذیل اقدامات کرتے ہیں:

## 1 عملے کو روانہ کیا جاتا ہے

عملہ برقی تعطل والے مقامات پر ان ہی سڑکوں کے ذریعے جاتا ہے جو ہم سب استعمال کرتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ بھاری ٹریفک ان کو آہستہ کر سکتی ہے۔

## 2 نقصان کا اندازہ لگایا جاتا ہے

مسئلے کے اصل مقام کا تعین کرنے میں وقت لگ سکتا ہے بالخصوص ایسی صورت میں جبکہ اس میں زیر زمین آلات شامل ہوں۔ وجہ کا تعین ہونے تک مرمت نہیں کی جا سکتی۔

## 3 مرمت مکمل ہوتی ہے


جبکہ ہم بحالی کے اوقات کی فراہمی کے لیے اپنی بہترین کوشش کرتے ہیں تاہم ہمیشہ ایسا کرنا ممکن نہیں ہے۔

## 4 آلات کی آزمائش کی جاتی ہے

عملہ یقینی بناتا ہے کہ مسئلہ حل ہو گیا ہے اور برقی رو محفوظ طور پر بحال کی جا سکتی ہے۔

## 5 برقی رو بحال کی جاتی ہے

ہم تمام متاثرہ صارفین کی برقی رو بحال کرتے ہیں



### کیا آپ جانتے ہیں؟

صرف 12 فیصد اونٹورینز کے پاس تین دن کے لیے کافی اشیاء کے ساتھ ہنگامی کٹ ہے ۔ لیکن ہمارے ناقابل پیشن گوئی موسم کے لیے یہ ضروری ہے کہ بدترین کے لیے منصوبہ بندی کریں۔ چاہے یہ برفیلا طوفان، تیز سیلاب یا بگولے کی آمد ہو، صورتحال میں خرابی کے بعد مدد کے لیے پہنچنے میں وقت لگ سکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہر ایک کو کم از کم 72 گھنٹے تک خود اپنا خیال رکھنے کے قابل ہونے کی ضرورت ہے۔